Office for People With Developmental Disabilities

منصوبہ برائے حکمتِ عملی

2023-2027

سادہ زبان

OPWDD

OPWDD نیو یارک کے نشوونمائی کی معذوریوں کے حامل بہت سے افراد کے لیے سروسز کی نگرانی کرتا ہے۔

سروسز غیر منافع بخش ایجنسیز اور OPWDD کی جانب سے فراہم کی جاتی

ہیں۔

سروسز میں شامل ہے:

- رہائشی معاونت
- کمیونٹی میں بحالی کی سہولت
- دن اور ملازمتی پروگرامز
- خاندانی معاونتی سروسز
- سہولت
- نگہداشتی معاونت

زیادہ تر OPWDD سروسز کی ادائیگی وفاقی Medicaid فنڈز اور نیو یارک ریاستی فنڈز کی جانب سے جاتی ہے۔

ہر سال، OPWDD Medicaid فنڈز میں 8$ بلین سے زیادہ خرچ کرتا ہے

موجودہ OPWDD

گزشتہ پانچ سالوں میں، OPWDD کے Medicaid کے اخراجات میں تقریباً $1 بلین کا اضافہ ہوا ہے۔

OPWDD جن افراد کو خدمت مہیا کرتا ہے ان کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔

سال بھر میں کسی بھی فرد کو معاونت دینے کی لاگتوں میں اضافہ ہوا ہے۔

ایک فرد کی مدد کے لیے تقریباً $65,000 سالانہ خرچ ہوتا ہے

مزید بچے OPWDD سروسز حاصل کر رہے ہیں۔

چیلنجز اور تبدیلیاں

Covid-19

- COVID-19 نے OPWDD کی سروسز کو متاثر کیا
- کچھ پروگرامز بند ہو گئے
- کچھ پروگرامز دوبارہ کھل گئے لیکن افراد کو کم خدمات مہیا کرتے ہیں
- کچھ معاونتی عملے نے اپنی ملازمتیں چھوڑ دیں

عملے کی بھرتی

- کارکنان موزوں تعداد میں نہیں ہیں
- DPS کی بہت سی ملازمتیں ہیں جن کا عملہ موجود نہیں ہے
- جب عملہ موزوں تعداد میں نہ ہو تو لوگوں کے لیے خدمات حاصل کرنا مشکل ہو جاتا ہے

کمپیوٹر سسٹمز

- OPWDD کے کچھ کمپیوٹر سسٹم پرانے ہیں
- OPWDD کو اپنے سسٹمز بہتر بنانے کی ضرورت ہے
- کمپیوٹر سسٹمز کو بہتر بنانے سے OPWDD کو اپنی سروسز بہتر بنانے میں مدد ملے گی

مزید افراد اور نئی ضروریات

- مزید افراد کو OPWDD سروس درکار ہے
- افراد کو درکار معاونتیں تبدیل ہوتی رہتی ہیں
- OPWDD کو مختلف طریقے تلاش کرنے ہیں تاکہ مزید افراد کو خدمات پیش کر سکے
- OPWDD کو افراد کی نئی ضرورت کے مطابق تبدیل ہونا ہے

منصوبے کی تیاری

1 OPWDD نے افراد سے بات کی ہے

2021 میں، OPWDD نے ریاست بھر کے افراد کے ساتھ بات چیت کی۔

OPWDD نے معذوریوں کے حامل افراد، اہل خانہ، فراہم کنندگان، اور دیگر افراد سے بات کی ۔

2 افراد نے اپنے خیالات کا اشتراک کیا

افراد نے OPWDD کو ان معاملات کے بارے میں بتایا جو ان کے لیے سب سے اہم تھیں۔

افراد نے بتایا کہ درج ذیل معاملات سب سے اہم تھے:

- مزید عملے کی دستیابی
- ذاتی رہنمائی کو بہتر بنانا
- پیچیدہ ضروریات کے حامل افراد کو بہتر معاونت دینا
- رہائشی سروسز کو بہتر بنانا
- ایسے افراد کے لیے منصوبہ سازی کرنا جن کے والدین بوڑھے ہو رہے ہیں

3 OPWDD ڈیٹا کا جائزہ لیتا ہے

OPWDD مقامی، ریاستی، قومی ڈیٹا کا جائزہ لیتا ہے

ڈیٹا مندرجہ ذیل ظاہر کرتا ہے:

- ♦ کارکنان کی کمی مسئلہ ہے
- ♦ رہائش یا ٹرانسپورٹیشن کے وسائل میں کمی پائی جاتی ہے
- ♦ ایسے بہت سے افراد موجود ہیں جن کو بحرانی سروسز درکار ہیں
- ♦ سروسز کی لاگت زیادہ ہے اور حاصل کرنے میں وقت لگتا ہے

4

OPWDD نے منصوبے کا مسودہ تحریر کیا

OPWDD نے منصوبے کا ڈرافٹ تیار کرنے کے لیے افراد کی آرا استعمال کیں۔

OPWDD نے منصوبے کا ڈرافٹ تیار کرنے کے لیے ڈیٹا کے انکشافات بھی استعمال کیے۔

5

افراد نے منصوبے کے مسودے کا جائزہ لیا

2022 میں، OPWDD نے افراد کے ساتھ منصوبے کے مسودے کا اشتراک کیا۔

OPWDD نے افراد سے منصوبے کے مسودے کے بارے میں اپنے خیالات کا اشتراک کرنے کو کہا۔

افراد نے درج ذیل طریقوں سے منصوبے کے مسودے پر اپنے خیالات کا اظہار کیا

- آن لائن میٹنگز اور سماعتوں میں
- بالمشافہ میٹنگز میں
- ای میلز میں
- آن لائن سروے میں

6

OPWDD نے حتمی منصوبہ تحریر کیا

OPWDD نے بہتر حتمی منصوبہ تیار کرنے کے لیے مسودے کے بارے میں افراد کی آرا کا استعمال کیا

OPWDD نے حتمی منصوبے کا اشتراک اپنی ویب سائٹس، سوشل میڈیا، اور میٹنگز میں کیا۔

OPWDD کا حتمی منصوبہ

OPWDD نے تبدیلیوں اور چیلنجوں کا سامنا کرنے میں مدد کے لیے ایک حکمت عملی کا منصوبہ بنایا ہے۔

حکمت عملی کے منصوبے میں اہداف، مقاصد اور سرگرمیاں شامل ہیں۔

اہداف، مقاصد اور سرگرمیاں بتاتی ہیں کہ OPWDD معاملات کو بہتر بنانے کے لیے کیا کرے گا۔

منصوبہ افراد کو آگاہ کرتا ہے کہ OPWDD کیسے وضح کرے گا کہ:

- پروگرامز افراد کی ضروریات پر زیادہ مرکوز ہے
- معاونتیں آسانی سے حاصل ہوتی ہیں
- سروسز کے مزید اختیارات دستیاب ہیں

یہ منصوبہ اگلے پانچ سالوں، 2023 سے 2027 تک کے لیے ہے۔

اگر افراد اس منصوبے کو تبدیل کرنا چاہیں تو اسے تبدیل کیا جا سکتا ہے۔



ہدف 1

OPWDD کا پہلا ہدف عملے، کمپیوٹرز اور افراد اور دیگر ایجنسیز کے ساتھ کام کرنے کے بارے میں ہے۔

1) افرادی قوت کو مضبوط بنانا

عملے کی بھرتی، عملہ کتنی دیر اپنی ملازمت پر برقرار رہتا ہے، اور عملے کی تربیت کو بہتر بنانا۔

- OPWDD عملے کے بونسز اور تنخواہوں میں اضافے کے لیے وفاقی اور ریاستی رقوم کا استعمال کرتا ہے
- OPWDD DSPs کی بھرتی کرنے کے لیے اسکولز کے ساتھ کام کر رہا ہے
- OPWDD DSPs کی تربیت بہتر بنانے کے لیے تربیتی مراکز کے ساتھ کام کر رہا ہے

2) OPWDD کے کمپیوٹر سسٹمز کو اپ ڈیٹ کرنا

OPWDD کے کمپیوٹر سسٹمز کو بہتر بنانا تاکہ ڈیٹا بہتر شکل میں دستیاب ہو



- OPWDD اپنی ٹیکنالوجی کو اپ ڈیٹ کرے گا
- OPWDD افراد کے بارے میں مزید ڈیٹا جمع کرے گا
- OPWDD معلومات کا استعمال کرے گا تاکہ جان سکے کہ سروسز افراد کے لیے کیسے کام کر رہی ہیں

3) اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ کام

فیصلے کرتے وقت نشوونمائی کی معذوریوں کے حامل افراد، افراد خانہ، اور فراہم کنندہ ایجنسیز سے تبادلہ خیال کریں۔

- OPWDD افراد سے ان کی خواہشات اور ضروریات کے بارے میں بات کرنا جاری رکھے گا
- OPWDD دیگر ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کرے گا
- OPWDD معذوری کے دیگر پیشہ ور ماہرین کے ساتھ کام کرے گا

ہدف 2

OPWDD کا دوسرا ہدف سروسز کو بہتر بنانا، آسان قواعد بنانا، اور افراد کی مدد کے لیے نئے طریقے تلاش کرنا ہے۔

1) معاونتوں اور سروسز کو بہتر بنانا

اس بات کو بہتر بنانا کہ معاونتیں اور سروسز افراد کو آج اور آنے والے وقت میں کیسے مدد دیتی ہیں۔

- OPWDD مزید افراد کو ملازمت حاصل کرنے میں مدد دے گا
- OPWDD مزید رہائشی اختیارات کی پیشکش کرے گا
- OPWDD ذاتی رہنمائی کو بہتر بنائے گا

2) آسان قواعد اور پالیسیز

سروسز کو مزید گنجائشی اور قواعد آسانی سے سمجھ آنے والے بنانا۔

- OPWDD کے پاس قواعد کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے ورک گروپ ہو گا
- OPWDD افراد کو آن لائن پروگرامز میں شرکت کرنے کا موقع دے گا
- OPWDD افراد کو ان کی کمونٹی میں فعال ہونے اور شمولیت اختیار کر نے میں مدد کرے گا

3) نئے پروگرامز اور سروسز کی تحقیق

اس بات کا مطالعہ کریں کہ پروگرامز کس حد تک کام کر رہے ہیں اور لوگوں کی مدد کرنے کے نئے طریقے تلاش کریں۔

- OPWDD فراہم کنندگان کو زیادہ ادائیگی کرے گا جب وہ خدمات بہتر طریقے سے فراہم کریں گے
- OPWDD لوگوں کے لیے نگہداشتِ صحت اور معلومات حاصل کرنا آسان بنائے گا
- OPWDD نگہداشتی ہم آہنگی اور منظم نگہداشت کا مطالعہ کرے گا

ہدف 3

OPWDD کا تیسرا ہدف افراد پر مبنی معاونت کو بہتر بنانا ہے

1) معاونت برائے بچے، نوعمر اور نوجوان بالغان



بچوں، نوعمر، اور نوجوان بالغوں کے لیے صحیح سروسز دستیاب کروائیں۔

- OPWDD بچوں کو مدد دینے کے لیے سروسز کو بہتر بنائے گا
- OPWDD مزید بحرانی سروسز کو شامل کر رہا ہے جو بچوں اور نوجوان بالغاں کو مدد دیں گی

2) پیچیدہ ضروریات والے لوگوں کی مدد کرے گا

پیچیدہ رویہ جاتی اور طبی ضروریات کے حامل افراد کے لیے سروسز کو بہتر بنانا۔

- OPWDD عملے کو تربیت دے گا اور ان فراہم کنندگان کو مزید ادائیگی کرے گا جو ضرورت مند افراد کو معاونت دیتے ہیں
- OPWDD پیچیدہ ضروریات کے حامل افراد کی خودمختارانہ مقامات پر منتقلی کرنے میں مدد دے گا۔
- OPWDD مزید بحرانی سروسز دستیاب بنائے گا۔

3) متنوع کمیونٹیز تک رسائی

اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام پس منظر کے افراد OPWDD سروسز حاصل کر سکتے ہیں۔

- زیادہ سے زیادہ افراد تک رسائی کے لیے OPWDD کا ایک نیا دفتر ہے۔
- OPWDD تمام کمیونٹیز کے لیے سروسز دستیاب بنانے کے لیے کام کرے گا
- OPWDD تنوع اور شمولیت کے سلسلے میں قومی ماہرین کے ساتھ کام رہا ہے

افراد کو باخبر رکھنا

OPWDD ہر سال منصوبے کے اہداف اور مقاصد کا جائزہ لے گا تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ معاملات کیسے چل رہے ہیں۔

جیسے جیسے وقت گزرتا جائے گا، OPWDD کے پاس منصوبہ برائے حکمت عملی میں اہداف کے بارے میں مزید ڈیٹا ہو گا۔

ہر سال OPWDD افراد سے پوچھے گا کہ آیا کی گئی تبدیلیوں سے افراد کو مدد ملی ہے۔

OPWDD افراد سے پوچھے گا کہ آیا وہ منصوبے میں تبدیلی کرنا چاہتے ہیں۔

OPWDD اس بنیاد پر منصوبے میں تبدیلیاں کرے گا کہ معاملات کتنے اچھے طریقے سے انجام پا رہے اور افراد کا اس بارے میں کیا خیال ہے۔

OPWDD ڈیٹا کا بھی جائزہ لے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ سروسز سے افراد کو مدد ملتی ہے۔

OPWDD اہداف اور ترجیحات کے بارے میں ڈیٹا سالانہ رپورٹ میں، OPWDD کی ویب سائٹ پر، اور میٹنگز میں اشتراک کرے گا۔


Welcome
Welcome
Welcome
TANDBERG Audio Science

Office for People With Developmental Disabilities

www.opwdd.ny.gov

جملہ حقوق محفوظ © NYS دفتر برائے نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد
جنوری 2023